28/01/2025

09.25 AM

آداب

یہ آکاش وانی کا سرینگرسٹیشن ہے ۔

اب آپ شبیر الزمانسے خبریں سُنیے۔

بھارت چین

بھارت اور چین نے دونوں ملکوں کے درمیان دو طرفہ تعلقات کی صورتحال کا جامع جائزہ لیا ہے، جس دوران بعض عوام دوست اقدامات کو مستحکم کرنے اور تعلقات کو بحال کرنے پر اتفاق پیدا ہو گیا ۔

دونوں ملکوں نے اس سال موسم گرما سے مانسروور یاترا پھر بحال کرنے کا فیصلہ کیا ہے ۔اس کے علاوہ دونوں ملکوں کے درمیان براہ راست فضائی خدمات بحال کرنے سے بھی اتفاق کیا گیا ہے۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جموں کے ابھینو تھیٹر مینہندی ، ڈوگری اور اُردو زبانوں سے متعلق راشٹریہ کوّی سمیلن کا افتتاح کیا۔اس تین روزہ ادبی پروگرام کا اہتمام جموں کشمیر کلچرل اکیڈمی نے یوم جمہوریہ کی تقریبات کے ایک حصے کے طو رپر کیا ہے ۔

اس موقعے پر لیفٹنٹ گورنر نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کنال روڈ جموں میننو تعمیر شدہ توی سٹیٹ گیسٹ ہاؤس کا افتتاح کیا ہے ۔ انہوننے گیسٹ ہاؤس کے مختلف ہالوں اور کمروں کا معائینہ کیا اور اس طرح کی سہولت تعمیر کرنے پر محکمہ ہاسپٹلٹی اینڈ پروٹوکال کی سراہنا کی ۔

دریں اثنا وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سول سیکریٹریٹ جموں میں افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران محکمہ جل شکتی کی کار گذاری کا جائزہ لیا ۔ میٹنگ کے دوران یو ٹی میں جل شکتی مشن پر عمل آوری کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ۔اس موقعے پر جانکاری دی گئی کہ اس وقت جموں کشمیر کے 81فیصد کنبوں تک نل کے ذریعے صاف جل فراہم کیا جا رہا ہے۔

معراج العالم

جموں کشمیر بھر میں معراج عالم کی تقریب عقیدت و احترام کے ساتھ منائی گئی۔ وادی میں شب معراج کی سب سے بڑی تقریب آثار شریف درگاہ حضرتبل مینمنعقد ہوئی جہاں نماز عشاءرات ....دس بجے ادا کی گئی۔

اس دوران ہزاروں عقیدت مندوں نے شب بیدار رہ کر مہمان خدا وند ، امام الانبیا حضرت محمد ﷺ ....کی ذات اقدس پر درود و سلام کا نذرانہ بھیجا۔

اس موقعے پر امام و خطیب حضرات نے فلسفہ معراج پر روشنی ڈالی ۔اسی طرح کی تقاریب آثار شریف جناب صاحب صورہ، مکہامہ بیروہ، کھرم سرہامہ، اہم شریف بانڈی پورہ ، پنجورہ شوپیان اور وادی کی دیگر اہم مساجد ، زیارت گاہوں اور بقہ جات میں بھی منعقد ہوئیں، جہاں فرزندان توحید نے عالم انسانیت خاص طور پر جموں کشمیر میں دائمی امن اور عوام کی خوشحالی کیلئے دعائیں مانگیں ۔

مبارکباد

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ، نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری ، وزیر صحت سکینہ ایتو اور دیگر کئی اہم شخصیات نے معراج العالم کے موقعے پر عوام کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے ۔

ایوارڈ

مرکز کی طرف سے اعلان کردہ پدم اعزازات میں جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والی دو شخصیات بھی شامل ہیں۔ ان میں جموںکے للت کمار منگوترا کو اد ب اور تعلیم// جبکہ کشمیر سے تعلق رکھنے والے فاروق احمد میر کو آرٹ کے شعبے میں پدم شری ایوارڈ دیا جا رہا ہے۔

فاروق احمد میر نے شعبہ خبر سے بات کرتے ہوئے کہا ۔

ہینڈی کرافٹ

کشمیری دستکاریوں کے نام پر نقلی دستکاریاں فروخت کئے جانے کی حوصلہ شکنی کرنے کی غرض سے محکمہ ہینڈی کرافٹس کے فیلڈ سکارڈ نے سرینگر میں کئی کرافٹ شو روموں کا اچانک معائینہ کیا۔لالچوک اور شہر کے دیگر علاقوں میں متعلقہ کوالٹی کنڑول انسپکٹروں کی قیادت والی ٹیموں نے شو روم مالکان کے رجسٹریشن کے ساتھ ساتھ ہاتھ سے بنائی گئی مصنوعات کے معیار کا جائزہ لیا۔

محکمے کی ایک پریس رلیز میں کہا گیا ہے کہ ایسے اقدام خریداروں اور ہنر مند دستکاروں کے اطمینان اور وادی کی مالا مال وراثت کے تحفظ کیلئے ضروری ہیں۔

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ دو طرفہ ٹریفک کیلئے کھلی ہے۔

البتہ سرینگر سونہ مرگ روڈ// بھدرواہ-چھمبا روڈ//مغل روڈ اورسنتھن روڈ ابھی تک ٹریفک کے لئے بند ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 4 اعشاریہ 3 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت7 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ